## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی مسلم لیگ ق صوبہ سرحد کے صدر اور رکن قومی اسمبلی امیر مقام سے فون پر گفتگو، گھر پر مسلح طالبان کے قبضہ پر افسوس اور ہمدردی کا اظہار کیا

## امیر مقام کے گھر پر طالبان کے حملے اور قبضے کا فوری نوٹس لیا جائے اور گھر سے قبضہ ختم کرایا جائے ۔ صدر آصف زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک سے الطاف حسین کا مطالبہ

## آپ نے ہر مشکل وقت میں ہمارا ساتھ دیا ہے، ہماری خبر گیری کی ہے اور آپ کے فون سے مجھے بہت حوصلہ ملا ہے ۔ امیر مقام کی الطاف حسین سے گفتگو

لندن ۔۔۔یکم اپریل 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلم لیگ ق صوبہ سرحد کے صدر اور رکن قومی اسمبلی امیر مقام کو فون کر کے ان سے سوات میں انکے گھر پر مسلح طالبان کے قبضہ پر افسوس اور ہمدردی کا اظہار کیا۔امیر مقام نے جناب الطاف حسین کو واقعہ کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ ان کے گھر پر 60 سے 70 مسلح طالبان نے حملہ کیا،حملہ کے وقت انکے اہل خانہ گھر موجود نہیں تھے بلکہ صرف چوکیدار تھے،حملہ آوروں نے انہیں تشدد کا نشانہ بنا کر گھر سے نکال دیا اور خود گھر پر قبضہ کرلیا۔جناب الطاف حسین نے امیر مقام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں اپنی ، رابطہ کمیٹی اور تمام کارکنوں کی جانب سے آپ کے گھر پر مسلح طالبان کے حملے اور قبضہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہوں ،میری اور میری پارٹی کی تمام تر ہمدردیاں آپ اور آپ کے اہل خانہ کے ساتھ ہیں ۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا کہ امیر مقام کے گھر پر طالبان کے حملے اور قبضے کے واقعہ کا فوری نوٹس لیا جائے، گھر سے قبضہ ختم کرایا جائے اور حملہ آوروں کے خلاف کارروائی کی جائے ۔امیر مقام نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ آپ نے ہر مشکل وقت میں ہمارا ساتھ دیا ہے، ہماری خبر گیری کی ہے اور آپ کے فون سے مجھے بہت حوصلہ ملا ہے۔امیر مقام نے فون کرنے پر جناب الطاف حسین کا دلی شکریہ ادا کیا۔

## سندھ امن، محبت، پیار اور بھائی چارے کی دھرتی ہے، یہاں مذہبی انتہا پسندوں کیلئے کوئی جگہ نہیں ہے۔ڈاکٹر فاروق ستار

## سندھ دھرتی کے عوام مہمان نواز ضرور ہیں لیکن وہ کسی کو بھی سندھ دھرتی پر قبضہ کرنے نہیں دیں گے

## دہشت گرد اب سندھ کا رخ کررہے ہیں سندھ کے مستقل باشندے سندھ کو بچانے کیلئے متحد ہو جائیں

## ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے کارکنوں کے اجلاس سے خطاب

کراچی ۔۔۔یکم اپریل ر 2008ء۔۔۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینیز وفاقی وزیر اوور سیز پاکستانی ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ سندھ امن، محبت، پیار اور بھائی چارے کی دھرتی ہے اور یہاں مذہبی انتہا پسندوں کیلئے کوئی جگہ نہیں ہے ۔انہوں نے ان خیالات کا اظہار خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ارکان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر شعیب بخاری اور رابطہ کمیٹی کے اراکین وسیم آفتاب، اشفاق منگی اور آنسہ ممتاز انوار بھی موجود تھیں ۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ سندھ دھرتی کے عوام مہمان نواز ضرور ہیں لیکن وہ کسی کو بھی سندھ دھرتی پر قبضہ کرنے نہیں دیں گے اور متحد ہو کر سندھ دھرتی کے خلاف کی جانے والی سازشوں کو ناکام بنائیں گے۔انہوں نے لاہور میں پولیس ٹریننگ اسکول پر حملہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں جاری دہشت گردی کی لہر نے اب صوبہ سرحد کے ساتھ ساتھ پنجاب کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے اور اب یہ دہشت گرد صوبہ سندھ کا رخ کررہے ہیں۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ وقت کی ضرورت ہے کہ سندھ کے مستقل باشندے آپس میں الجھنے کے بجائے سندھ کو دہشت گردوں کے قبضہ سے بچانے کیلئے متحد ہو جائیں ۔ فاروق ستار نے کہا کہ پاکستان میں مذہب کی بنیادوں پر زہر اگلا جارہا ہے اور اسلام کے نام پر دہشت گردی کی جارہی ہے جو پوری دنیا میں پاکستان کی بدنامی کا سبب بن رہی ہے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ہم کسی کو اپنی بچیوں کے اسکولوں کو بم اڑانے نہیں دیں گے،ہمیں اپنی جان ومال اور عزت وآبرو کے دفاع کا پورا حق ہے ۔انہوں نے کہا کہ بلاشبہ ملک اس وقت بہت مشکل مرحلہ سے گزر رہا ہے، پاکستان کے دشمن اس وقت ملک کو صفحہ ہستی سے مٹانا چاہتے ہیں ہمیں اپنے اتحاد سے سازشی عناصر کے عزائم کو ناکام بنانا ہوگا۔،اس وقت پاکستان کو دوجہتی عملی طے کرنا ہے ایک دہشتگردی سے کیسے بچا جائے اور دوسرا پاکستان کو کیسے محفوظ کیا جائے۔انہوں نے کہا جب تک ملک سے جاگیردارانہ نظام خاتمہ نہیں ہوگا ملک ترقی نہیں کرسکے گا۔انہوں نے

کہا کہ پوری دنیا میں اس وقت قائد تحریک جناب الطاف حسین کی بصیرت کا لوہا مانا جارہا ہے اور ان کے نمائندوں کی تعریف ہورہی ہے ان کے نمائندوں نے کم وقت میں تعمیر وترقی کے جو کارنامے انجام دیئے ہیں وہ قابل تعریف انہیں دنیا تسلیم کررہی ہے۔آخر میں انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ اپنی صفوں میں اتحاد کو مزید مضبوط بنائیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بتائے ہوئے اصولوں پر چلیں۔

## سیاست برائے خدمت کے فلسفہ کے تحت حق پرست قیادت عوامی خدمت کیلئے کوشاں ہے،حسن عسکری تقوی
## آگرہ تاج یونٹ کے دورے اور کچھی میمن جماعت خانہ کلری میں اجتماع سے خطاب

کراچی ۔۔۔31، مارچ2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے صوبائی وزیر برائے ماحولیات حسن عسکری تقوی نے کہا ہے کہ حق پرست قیادت بلاتفریق عوامی خدمت عبادت سمجھ کرانجام دے رہی ہے کراچی کے مضافاتی علاقوں کی ترقی وخوشحالی بھی ایم کیوایم کی ترجیحات میں شامل ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے تحت یوسی 2ہنگورآباد یونٹ آگرتاج کالونی کے دورے اور کچھی میمن جماعت خانہ کلری میں منعقدہ عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر کچھی مسلم سنگھار جماعت،کچھی مسلم گیڑائی جماعت،کچھی مسلم لوہاروارڈہ جماعت،کچھی مسلم بقالی جماعت،کچھی مسلم سومرا جماعت،سید اہل بیت جماعت کے معززین کے علاوہ ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عارف حیدر،اراکین ممتاز علی،احمد رضا،عزیز الرحمان اور الطاف حسین مینگل بھی موجود تھے۔عسکری تقوی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے لیاری اور آگرہ تاج کالونی کے عوام کے مسائل کے حل کیلئے سیاست برائے خدمت کے فلسفے پر عمل کرنے کا درس دیا ہے اور یہی فلسفہ لیکر حق پرست قیادت عوامی خدمت کیلئے کوشاں ہے۔انہوں نے کہا کہ اگر حق پرست قیادت کو عوامی تعاون حاصل رہا تو آگرہ تاج کالونی اور لیاری بھی کراچی کے دیگر ٹاؤن کی طرح ترقی وخوشحالی کرسکے گا۔قبل ازیں کچھی برادریوں کے معززین نے عسکری تقوی کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا اور بتایا کہ آگرہ تاج اور لیاری کا شمار قدیم بستیوں میں ہوتا ہے لیکن شہر کی ترقی کے باوجود لیاری وآگرہ تاج کے عوام کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک کیا جارہا ہے ہم نے جن سیاسی جماعتوں کو ہمیشہ اقتدار میں پہنچایا انکی تو حالت بدل گئی لیکن ہماری حالت روز بروز ابتری کا شکار ہورہی ہے،لیاری کے جرائم پیشہ افراد نے عوام کو یرغمال بنارکھا ہے،انہوں نے آگرہ تاج کے معصوم امن پسند کاروباری اور عام افراد کا جینا حرام کررکھا ہے،جرائم پیشہ افراد لیاری کے ساتھ ساتھ آگرہ تاج کے عوام کو یرغمال بنانے کی سازش کررہے ہیں جسکے باعث ہمارے کاروبار اور جان ومال تک محفوظ نہیں ہے،آئے دن غنڈہ گردی،چھینا چھپٹی اور ماردھاڑ اور بھتہ خوری کی وارداتوں نے عوام کا جینا محال بنادیا ہے۔عسکری تقوی نے کچھی برادریوں کے معززین کی گزارشات کو توجہ سے سنا اور انہیں اپنے ہرممکن تعاون اور مدد کی یقین دہانی کرائی۔

## ایم کیوایم طالبانائزیشن کی سازش کو کسی طور پر بھی سندھ اور کراچی میں ہرگز کامیاب نہیں ہونے دے گی،گلفراز خان

کراچی ۔۔۔یکم،اپریل2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج گلفراز خان نے کہا کہ ایم کیوایم اعتدال پسند اور روشن خیال جماعت ہے اور وہ طالبانائزیشن کو کسی طور پر بھی سندھ اور کراچی میں ہرگز کامیاب نہیں ہونے گی۔ان خیالات اظہار انہوں نے گزشتہ روز بن قاسم ٹاؤن سیکٹر میں منعقدہ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں کارکنان کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔اس موقع پر پی پی او سی کے اراکین زرین الرحمان،جاوید اقبال فاروقی اور معروف حسین بھی موجود تھے۔گلفراز خان نے کہا کہ ملک کے موجودہ حالات آپس میں اتحاد اور یکجہتی کا تقاضہ کررہے ہیں،لاہور میں پولیس ٹریننگ سینٹر اور سری لنکن ٹیم پر حملوں کے بعد ملک بھر کے امن پسند عوام کی آنکھیں کھل گئیں اور وہ دہشت گردی کے اس عفریت سے چھٹکارے کیلئے اپنی اتحاد اور یکجہتی کا مظاہرہ کریں اور اپنی صفوں میں موجود ایسے عناصر پر کڑی نگاہیں رکھیں جو کالی بھیڑوں کا کردار ادا کررہی ہیں۔انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ طالبانائزیشن کی سازش سے مکمل طور پر ہوشیار رہیں اور اس حوالے سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے خطابات اور بیانات کا بغور مطالعہ کریں۔

## شہر میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ کا نوٹس لیا جائے اور شہریوں کو لوڈ شیڈنگ کے عذاب سے نجات دلائی جائے، ارکان صوبائی اسمبلی

کراچی ۔۔۔ یکم اپریل 2009ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے اراکین صوبائی اسمبلی نے کراچی میں بجلی کی طویل دورانیہ کی لوڈ شیڈنگ کی شدید مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ فرنس آئل خرید کر بجلی کی پیداوار بڑھائی جائے اور بند یونٹس شروع کیے جائیں۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ موسم گرما کی آمد کے ساتھ ہی ایک بار پھر بجلی کی طویل دورانیہ لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ شروع کر دیا ہے جس نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی ہے، بجلی کے طویل تعطل کے باعث صنعتی ترقی بھی بری طرح متاثر ہے اور صنعتیں تباہی کے دہانے پر کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کے ای ایس سی انتظامیہ گزشتہ کئی سالوں سے متعدد مرتبہ یہ دعویٰ کرتی رہی ہے کہ بجلی کی لوڈ شیڈنگ پر اس سال مکمل قابو پالیا جائیگا لیکن کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کے تمام تر دعوؤں کے باوجود شہر میں بجلی کا بحران دن بہ دن شدت اختیار کرتا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک جانب کے ای ایس سی کی انتظامیہ کی جانب سے بھاری مالیت کے بل عوام کو بھیجے جارہے ہیں اور انہیں بجلی کی سہولت سے محروم رکھا جارہا ہے جبکہ دوسری جانب انتظامیہ فرنس آئل خرید کر بجلی کی پیداوار بڑھانے کے بجائے مسلسل ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کر رہی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔ ارکان صوبائی اسمبلی نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، پانی وبجلی کے وفاقی وزیر سمیت تمام اعلیٰ احکام سے مطالبہ کیا کہ وہ بجلی کی لوڈ شیڈنگ کے خاتمے اور شہریوں کو لوڈ شیڈنگ کے عذاب سے نجات دلانے کیلئے مئوثر کردار ادا کریں اور کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کی انتظامیہ کو پابند کریں کہ وہ بجلی کی پیداوار بڑھانے کیلئے فرنس آئل خریدے اور تمام بند یونٹس میں بجلی کی پیداوار شروع کی جائے۔

## ایم کیو ایم نیو کراچی سیکٹر کے بزرگ کارکن محمد اکبر کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔ یکم، اپریل 2009ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم ایلڈرز ونگ نیو کراچی سیکٹر یونٹ C-134 کے کارکن محمد اکبر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیو ایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے کارکن کے بھائی اور نیو کراچی سیکٹر کے بزرگ کارکن کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔ یکم، اپریل 2009ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم نیو کراچی سیکٹر کے بزرگ کارکن محمد اکبر اور ایم کیو ایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے کارکن کاشف کے بھائی محمد سہیل کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆